Item # G-9

صنعتوں میں آگ سے بچاؤ

مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول
محکمہ محنت، حکومت پنجاب

صنعتوں میں آگ سے بچاؤ

مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول
محکمہ محنت، حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

تصنیف : سعید احمد اعوان

ایم ایس سی کیمسٹری (گولڈ میڈلسٹ)

ایم ایس سی (آکوپیشنل ہیلتھ یو۔کے)

ڈائریکٹر

مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول

محکمہ محنت، حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

وزیر محنت وانسانی وسائل حکومت پنجاب کا پیغام

محنت کشوں کو حادثات اور بیماریوں سے بچنے کا شعور پیدا کرنے کے لیے محکمہ محنت وانسانی وسائل نے پہلی مرتبہ بڑے پیمانے پر آگہی کی ایک مہم کا آغاز کیا ہے۔ یہ کتابچہ اسی مہم کی ایک کڑی ہے۔ موجودہ حکومت محنت کشوں کو ان کے جائز حقوق دلانے اور ان کے لیے سہولیات مہیا کرنے کے لیے شب و روز کوشاں ہے۔ کارکنوں کے لیے صوبے کے تمام کونوں میں رہائشی سہولتیں اور ہسپتال تعمیر کیے جا رہے ہیں۔

ہماری حکومت کا یقین ہے کہ ملک کی معیشت تبھی ترقی کر سکتی ہے جب کارکن دل جمعی کے ساتھ اور صحت مند ماحول میں کام کریں گے۔ میری اپنے محنت کش بھائیوں اور بہنوں سے استدعا ہے کہ وہ اس کتابچے میں دی گئی ہر معلومات نہ صرف خود عمل کریں بلکہ اپنے دیگر ساتھیوں تک بھی پہنچائیں۔

خیر اندیش
سید اختر حسین رضوی
وزیر محنت وانسانی وسائل حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ناشر	:	مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول محکمہ محنت، حکومت پنجاب
اشاعت	:	2005
تعداد اشاعت	:	4400
ڈیزائننگ	:	افتخار حسین 0303-6408526 042-7539423
پرنٹر	:	وڈ پیکر پرنٹرز۔ پبلشرز لاہور 042-7224382-0303-6423261

https://boilersinfo.com/

ابتدائیہ

کام کے دوران پیش آنے والے خطرات کی وجہ سے ہر سال لاتعداد کارکن بیماریوں اور حادثات کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ذرا سی احتیاط اور پیش بندی سے ان خطرات سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔

محکمہ محنت و انسانی وسائل حکومت پنجاب کارکنوں کی صحت و تحفظ کے لئے کوشاں ہے یہ کتابچہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے یہ کتابچہ کارکنوں، مینجروں اور مالکان میں صحت و تحفظ سے متعلق شعور بیدار کرنے کے لئے انتہائی مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ مجھے امید ہے کہ کارکن اس کا بھرپور فائدہ اٹھائیں گے۔ محکمہ محنت ''مرکز برائے بہتری حالات کار و ماحول'' صوبے بھر میں صحت و تحفظ اور حالات کار کی بہتری کے لیے سرگرداں ہے۔ میری آپ سے استدعا ہے کہ اس مرکز کی سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں۔

شاہنواز بدر
سیکرٹری محکمہ محنت و انسانی وسائل
حکومت پنجاب

https://boilersinfo.com/

ذاتی کوائف

نام _____

ولدیت _____

عہدہ _____

شناختی کارڈ نمبر | | | | | | | | | | | | | | |

ادارہ کا نام _____

ادارہ کا ایڈریس _____

ایمرجنسی فون نمبر _____ بلڈ گروپ _____

https://boilersinfo.com/

صنعتوں میں آگ لگنے کے واقعات ہمارے ہاں معمول کا حصہ بنتے جا رہے ہیں۔ ہر سال ان سے قیمتی جانوں کے علاوہ کروڑوں روپے مالیت کی اشیاء جل کر خاکستر ہو جاتی ہیں۔ اگر بروقت صحیح اقدامات کر لیے جائیں تو آگ کے واقعات پر قابو پایا جا سکتا ہے اور جانی و مالی نقصان سے بچا جا سکتا ہے۔

https://boilersinfo.com/



آگ کب لگتی ہے

آگ لگنے کے لیے تین بنیادی اجزا کا ہونا ضروری ہے۔

☆ ایندھن ☆ آکسیجن

☆ حرارت

ان میں سے کسی ایک کی عدم موجودگی سے آگ بجھ جاتی ہے۔اس کے علاوہ چنگاری کی موجودگی بھی ضروری ہے جس سے آگ لگنے کا عمل شروع ہوتا ہے

https://boilersinfo.com/

آگ کی چار بنیادی اقسام ہیں

کلاس اے: عام آتشگیر اشیاء جیسے لکڑی، کاغذ، کپڑا، کوڑا کرکٹ، ربڑ اور پلاسٹک کو لگنے والی آگ۔

کلاس بی: آتشگیر سیال مادے اور گیسیں جیسے پٹرول، مٹی کا تیل، پینٹ، تھنر، گریس، ایسی ٹیلن کو لگنے والی آگ۔

کلاس سی: بجلی سے چلنے والی اشیاء کو لگنے والی یا ان کے نزدیک اشیاء کو لگنے والی آگ۔

کلاس ڈی: آتشگیر دھاتوں کو لگنے والی آگ جیسے میگنیشیم، سوڈیم، پوٹاشیم وغیرہ۔

مختلف اقسام کی آگ کو بجھانے والے مادے

کلاس اے: پانی کا سپرے، خشک کیمیکل وغیرہ

کلاس بی: کاربن ڈائی آکسائیڈ، خشک کیمیکل، فوم اور BCF وغیرہ

کلاس سی: کاربن ڈائی آکسائیڈ، خشک کیمیکل پانی اور فوم ہرگز استعمال نہ کریں۔

کلاس ڈی: اس آگ کے لیے مخصوص مادے ہیں۔

آگ سے بچاؤ کے طریقے

☆ آتش گیر مادوں کی مقدار کم سے کم سٹور کریں۔



جہاں آتشگیر مادے استعمال ہو رہے ہوں وہاں حفاظتی اقدامات کی ہدایات آویزاں کریں اور ان پر عمل درآمد کرائیں۔



ہنگامی انخلاء کے راستے کا تمام کارکنوں کو علم ہونا چاہئے اس مقصد کے لیے فائر ڈرل کا وقتاً فوقتاً اہتمام کریں۔

ہنگامی انخلا کے راستے ہر وقت کھلے رکھیں اور ایمرجنسی کی صورت میں ان کو روشن رکھنے کا انتظام ہونا چاہئے۔

آگ بجھانے کے آلات کو آسان دسترس میں رکھیں

آتشگیر مادوں کے نزدیک سگریٹ نوشی ہرگز نہ کریں



لیبارٹری میں کیمیکلوں کو ترتیب سے اور

محفوظ طریقے رکھیں

آگ لگنے کی صورت میں ہوش وحواس برقرار رکھیں اور افراتفری کا شکار نہ ہوں

کیا آپ کو آگ بجھانے کے آلات کا صحیح استعمال آتا ہے



اپنے ادارے میں آگ کے تحفظ کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے مناسب وقفوں سے فائر انسپکشن کرتے رہیں۔

اپنے ادارے میں Smoke Detector لگائیں

اوران کی چیکنگ بھی کرتے رہیں۔

اچھے قسم کا فائر الارم نصب کریں۔

کام کی جگہوں پر فائر الارم نصب کریں اور کارکنوں کو
آگ کی صورت میں اسے بجانے کی تربیت دیں۔

آگ بجھانے والے آلات کو چیک کریں کہ وہ صحیح حالت میں ہیں۔



فائر ہائیڈ رینٹ تک رسائی ہر وقت ممکن ہونی چاہئے۔

مناسب سائز میں آگ بجھانے کا پائپ مختلف جگہوں پر میسر ہونا چاہئے۔

گزرگاہوں اور گوداموں میں پانی کے چھڑکاؤ
والے فوارے نصب کئے جاسکتے ہیں۔

اگر آگ پر فوری طور پر قابو نہ پایا جا سکے تو فوراً
آگ بجھانے والے عملے کی مدد طلب کریں۔



زمین کے اوپر موجود آتشگیر مادوں کے ٹینکوں کو پانی کے مین پائپ یا گراؤنڈ کون کے ساتھ ملا کر ارتھ کرنا چاہئے۔

آگ لگنے کی صورت میں ضروری ہدایات

فوراً الارم بجائیں۔ چھوٹی صنعتوں میں پکار کر لوگوں کو انخلاء کے لیے کہیں۔

متعلقہ عملے سے فوراً رابطہ کر کے صورت حال سے آگاہ کریں۔

آگ پر تبھی قابو پانے کی کوشش کریں۔ جب اپ نے متعلقہ عملے کو آگاہ کر دیا ہے۔

آگ چھوٹی سی ہے اور ایک جگہ تک محدود ہے

آپ کے انخلاء کے لیے راستہ موجود ہے۔

آپ کے پاس قابو پنے والے صحیح آلات ہیں۔

اگر فائر الارم سنیں تو۔

فوراً کام چھوڑ کر باہر نکل جائیں۔

نکلتے وقت کھڑکیاں دروازے بند کر دیں، گیس کے والو بند کر دیں۔

پہلے سے متعین شدہ جگہ پر جمع ہوں۔

متعلقہ سپروائزر کو رپورٹ کریں تا کہ تمام افراد کی گنتی ہو سکے۔

ویب سائٹ

سنٹر فار دی امپروومنٹ آف ورکنگ کنڈیشنز اینڈ انوائرمنٹ لاہور کی ویب سائٹ آپ کی راہنمائی کے لیے ہمہ وقت موجود ہے۔ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

www.ciwce.org.pk

صحت وتحفظ اور ماحول کے مسائل سے آگاہی
کارخانوں اور اداروں کی دہلیز پر

☆ کارکنوں اور آجروں میں صحت وتحفظ اور ماحول کے متعلق شعور بیدار کرنے کے لیے موبائل ٹریننگ یونٹ رواں دواں ہے۔

☆ یہ یونٹ آپ کے ادارے میں بھی تربیت فراہم کرنے کے لیے تیار ہے۔ مزید معلومات کے لیے ہم سے رجوع کریں۔

دستیاب سہولیات

سنٹر فار دی امپروومنٹ آف ورکنگ کنڈیشنز اینڈ انوائرمنٹ لاہور میں صحت وتحفظ اور ماحول کی بہتری کے لیے جدید ترین سہولیات میسر ہیں۔

- ☆ جدید ترین آلات سے مزین لیبارٹریاں۔
- ☆ لائبریری۔
- ☆ ویڈیوز۔
- ☆ مشاورتی خدمات۔
- ☆ جدید ترین معلومات کی دستیابی۔

مزید معلومات اور مشاورت کیلئے

Centre for the Improvement of
Working Conditions & Environment
Directorate of Labour Welfare
Government of the Punjab
Township, (near Chandni Chowk), Lahore.
Tel: (042) 99262145 Fax: (042) 99262146
E-mail: awosh@brain.net.pk
Website: http:/www.ciwce.org.pk/